# بجلی کٹوتیوں کے دوران مفت اضافی مدد حاصل کریں


ترجیحی خدمات کے لیے رجسٹر کریں



**بجلی کٹوتی؟**
**105 پر**
**کال کریں**

Scottish & Southern Electricity Networks

Powering our community



# ان لوگوں کے لیے اضافی مدد جو سب سے زیادہ ضرورت مند ہیں

ہم وہ لوگ ہیں جو ان وائروں اور کیبلوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں جن سے پورے شمالی اسکاٹ لینڈ اور سینٹرل جنوبی انگلینڈ میں کمیونٹیوں تک بجلی پہنچتی ہے۔ **ہم وہ کمپنی نہیں ہیں جو آپ کو بجلی کے بل بھیجتی ہے** – ہمارا کام بجلی کے نیٹورکس کی دیکھ بھال اور ان کی مرمت کرنا ہے۔ ہمارا کام جلد از جلد اور حتی الامکان محفوظ طریقہ سے بجلی کٹوتیوں کا مسئلہ حل کرنا بھی ہے۔

ہمیں معلوم ہے کہ بجلی کٹوتی پریشان کن یا مشکل ہو سکتی ہے، اسی لیے ہم مفت اضافی مدد اور سپورٹ کی پیش کش کرتے ہیں۔ اگر ہمیں پہلے سے معلوم ہو کہ آپ کو کس طرح کی اضافی مدد درکار ہو سکتی ہے تو ہم آپ کی بہتر اور زیادہ تیز مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ترجیحی خدمات (Priority Services) کے لیے رجسٹر کرانا چاہتے ہیں، بھلے ہی عارضی طور پر ہی کیوں نہ ہو، تو برائے مہربانی ہمیں **0800 294 3259** پر کال کریں یا منسلکہ فارم مکمل کریں۔



## آپ ہمارے رجسٹر میں ہونے کی خواہش ظاہر کر سکتے ہیں اگر آپ:

- بہرے ہوں یا اونچا سنتے ہوں
- آپ کو کوئی عذر ہو
- پانچ برس سے کم عمر بچوں کے ساتھ رہتے ہوں
- نا بینا ہوں جزوی طور پر نا بینا ہوں
- آپ کو کوئی دیرینہ مرض ہو
- طبی ساز وسامان / معاون آلات استعمال کرتے ہوں جو بجلی پر منحصر ہوتے ہیں
- آپ کی عمر 60 برس سے زائد ہو
- آپ کو عارضی طور پر اضافی مدد درکار ہو

**بلا شبہ ہر شخص کی ضروریات مختلف ہوتی ہیں لہذا اپنی ضرورتوں پر بات کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کرنے میں آزاد محسوس کریں۔**

# ہم کس چیز کی پیش کش کا ہدف رکھتے ہیں

## منصوبہ بند یا غیر منصوبہ بند بجلی کٹوتیوں کے دوران ترجیحی معاملہ

ہماری ترجیحی خدمات کی لائن روزانہ 24 گھنٹے دستیاب ہے۔ ہم آپ سے یا آپ کے نامزد رابطہ کے فرد سے رابطہ کریں گے اگر ہمیں لازمی دیکھ بھال کے امور انجام دینے کے لیے آپ کی بجلی کاٹنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

## مقامی ایمرجنسی خدمات سے ربط

ہم اپنی ترجیحی خدمات کے رجسٹر میں مندرج لوگوں کو اضافی مدد فراہم کرنے کے لیے مقامی اتھارٹیوں، ایمرجنسی خدمات اور ایجنسیوں، جیسے برٹش ریڈ کراس، کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

## ایمرجنسی پاور سپلائیاں

اگر آپ ایسے طبی ساز وسامان / معاون آلات استعمال کرتے ہیں جو بجلی پر منحصر ہوتے ہیں تو ہمارا ہدف دیر تک سپلائی میں خلل کے دوران اضافی مدد فراہم کرنا ہے۔

## آپ کی ضروریات کے لحاظ سے تیار کردہ حفاظت سے متعلق صلاح

درخواست کرنے پر، ہم آپ کو اس بابت صلاح فراہم کریں گے کہ بجلی کی کٹوتی کے لیے کس طرح ایک ایسے فارمیٹ میں تیاری کرنی ہے جو آپ کی ضرورتوں کے لیے مناسب ہو، مثال کے طور پر بریل، ٹیکسٹ فون، ایزی ریڈ، آڈیو سی ڈی یا انگریزی کے علاوہ کسی اور زبان میں۔

## آپ کی کمیونٹی کے لیے سہولیات

شدید موسمی حالات اور دیر تک بجلی کٹوتیوں کے دوران، مقامی رفاہی گاڑیوں تک ہماری رسائی کھانے، مشروبات، حرارت اور چارجنگ پوائنٹس فراہم کرنے کے ہمارے ہدف میں تعاون کرتی ہے۔

## ذہنی سکون

ہم ایک ایسی سروس کی پیش کش کرتے ہیں جس کے لیے آپ اسکاٹش اور ساؤدرن الکٹریسیٹی نیٹورکس میں اسٹاف کے ساتھ معاملات کرتے وقت کوئی پاسورڈ استعمال کرنے پر اتفاق کر سکتے ہیں۔ اس طرح ہم آپ کی شخصی حفاظت اور گھریلو تحفظ کا دھیان رکھ سکتے ہیں۔

**ہماری سبھی ترجیحی خدمات مفت ہیں**

# توانائی کی کارکردگی سے متعلق مفت مدد

ہم آپ کے لیے درج ذیل سے متعلق مفت ایکسپرٹ صلاح کا بندوبست کر سکتے ہیں:

- توانائی کی بچت کر کے بل میں کمی لانا
- توانائی کے سپلائرز بدلنا
- انسولیشن یا توانائی کی بچت کی تدابیر کی ادائیگی کرنے کے لیے فنڈنگ یا گرانٹس
- مالی مدد جو کہ دستیاب ہے، بشمول مفت میں فوائد کے استحقاق کی جانچیں
- اپنے گھر میں اپنی ہیٹنگ، گرم پانی، ساز وسامان، لائٹنگ اور تھرمو اسٹیٹ سے بھرپور فائدہ اٹھانا

## یہ مفت خدمات حاصل کرنے کے چار طریقے:

**1** ہمیں **0800 294 3259** پر مفت کال کریں اور ہم آپ کے لیے ہوم انرجی اسکاٹ لینڈ (Home Energy Scotland , HES) یا YES انرجی سولوشنز (YES) کی طرف سے پورے طور پر مفت درست مدد کا بندوبست کریں گے

**2** ملاحظہ کریں **ssen.co.uk/energyadvice** اور آن لائن فارم مکمل کریں

**3** پشت پر باکس کو نشان زد کریں جو ہمارے لیے آپ کی تفصیلات HES یا YES کو بھیجنے کا اختیار دیتا ہے تاکہ وہ آپ کو کال کر سکیں

**4** یا، اگر آپ انگلینڈ میں ہیں تو آپ YES انرجی سولوشنز کو راست طور پر **03301 359 110** پر کال کر سکتے ہیں (کالوں کی قیمت مقامی شرح سے وصول کی جاتی ہے)

# ترجیحی خدمات کے لیے آج ہی رجسٹر کریں

## فارم پُر کریں یا مفت کال کریں

0800 294 3259

0800 316 5457 ٹیکسٹ فون

ssen.co.uk/psr

### بجلی کٹوتیوں کے لیے تیار رہیں

- کچھ گرم کپڑے اور ایک بیٹری سے جلنے والا ٹارچ پاس رکھیں۔
- جانچ کرلیں کہ آپ کے پاس کسی بھی طبی ساز وسامان کے لیے احتیاطی توانائی موجود ہے۔
- جانچ کرلیں کہ آپ کے اسٹیئر لفٹ کو دستی طور پر آپریٹ کیا جا سکتا ہے یا اس کے لیے احتیاطی بیٹری موجود ہے۔
- یقینی بنائیں کہ آپ کا موبائل فون چارج ہو تاکہ آپ بجلی کی کسی کٹوتی کی صورت میں 105 پر کال کر سکیں۔

Scottish & Southern
Electricity Networks

بجلی کٹوتی؟
105 پر
کال کریں

/ssencommunity @ssencommunity

اسکاٹش اور ساؤدرن الیکٹریسیٹی نیٹورکس ذیل کا ایک تجارتی نام ہے: اسکاٹش اینڈ ساؤدرن انرجی پاور ڈسٹری بیوشن لمٹیڈ جو کہ اسکاٹ لینڈ میں نمبر SC213459 کے تحت رجسٹرڈ ہے؛ اسکاٹش ہائیڈرو الیکٹرک ٹرانسمشن پی ایل سی جو کہ اسکاٹ لینڈ میں نمبر SC213461 کے تحت رجسٹرڈ ہے؛ اسکاٹش ہائیڈرو الیکٹرک پاور ڈسٹری بیوشن پی ایل سی جو کہ اسکاٹ لینڈ میں نمبر SC213460 کے تحت رجسٹرڈ ہے؛ (ان سب کے رجسٹرڈ آفسز Inveralmond House 200 Dunkeld Road Perth PH1 3AQ کے پتے پر واقع ہیں)؛ اور ساؤدرن الیکٹرک پاور ڈسٹری بیوشن پی ایل سی جو کہ انگلینڈ اور ویلز میں نمبر 04094290 کے تحت رجسٹرڈ ہیں اور ان کا رجسٹرڈ آفس No. 1 Forbury Place 43 Forbury Road Reading RG1 3JH کے پتے پر واقع ہے جو کہ SSE گروپ www.ssen.co.uk کے ممبران ہیں۔

# ترجیحی خدمات کے لیے رجسٹریشن فارم

**اس شخص سے رابطہ کی تفصیلات**
جسے بجلی کی کٹوتی کے دوران اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

لقب

پہلا نام

خاندانی نام

پتہ

پوسٹ کوڈ

گھر کا فون

موبائل فون

ٹیکسٹ فون

**گھر پر ملاقات کی سیکورٹی**
(زیادہ سے زیادہ 10 حروف)
اگر آپ چاہتے ہیں کہ جب ہم آپ سے ملاقات کریں تو ایک پاسورڈ کا استعمال کریں تو برائے مہربانی وہ یہاں درج کریں:

**میرا نامزد رابطہ کا فرد** (اگر قابل اطلاق ہو)
کنبہ کا کوئی فرد یا دوست جس سے ہم آپ کی طرف سے رابطہ کر سکتے ہوں

لقب

پہلا نام

خاندانی نام

گھر کا فون

موبائل فون

ٹیکسٹ فون

رشتہ

اس بابت معلومات کہ ہم کس طرح آپ کا ڈیٹا جمع، اسٹور اور پراسس کرتے ہیں، **ssen.co.uk/PrivacyNotice/** پر ہماری پرائیویسی نوٹس ملاحظہ کریں (کاغذی کاپی کی درخواست کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کریں)۔

اگر اب آپ کو ترجیحی خدمات کی ضرورت نہ ہو تو ہمیں **0800 294 3259** پر کال کریں یا ٹیکسٹ فون کے ذریعہ ہم سے **0800 316 5457** پر یا **Networks.Priority.Services@sse.com** پر رابطہ کریں، اور ہم آپ کو رجسٹر سے نکال دیں گے۔

# ترجیحی خدمات کے لیے رجسٹریشن فارم

**طبی ساز وسامان / معاون آلات جو بجلی پر منحصر ہوتے ہیں**

ساز وسامان کی نوعیت

**رجسٹر کرانے کی وجہ** (ان تمام باکسوں کو نشان زد کریں جن کا اطلاق ہوتا ہو)

| | | | |
|---|---|---|---|
| دیرینہ بیماری | نا بینا | جزوی طور پر نا بینا | عمر 60 سے زائد |
| بولنے میں دشواری | نشو ونما کی حالت | ڈیمنشیا / ادراکی خرابی | جسمانی کمزوری |
| دماغی صحت | سماعت کی خرابی (بشمول بہراپن | ہاتھ کی محدود حرکت | پانچ برس سے کم عمر بچوں کے ساتھ رہنا |
| بو / ذائقے کا کم احساس | دروازہ پر دستک کا جواب دینے سے قاصر | اضافی موجودگی قابل ترجیح ہے | پانی پر منحصر |
| **عارضی:** | زندگی کی تبدیلیاں | ہسپتال کے بعد صحت کی بازیابی | آپ کے گھر کے نو بالغ افراد <18 |

**دیگر اسباب جن کے لیے آپ کو اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے** (برائے مہربانی ضروری ہونے کی صورت میں مزید تفصیلات فراہم کریں)

**اگر انگریزی آپ کی پہلی زبان نہیں ہے تو برائے مہربانی ہمیں بتائیں کہ کیا ہے؟**

**آپ نے ہمارے بارے میں کیسے جانا؟**

## آپ کے لیے اس فارم پر دستخط کرنے کا کیا مطلب ہے

اس فارم پر دستخط کر کے آپ اس بات کی تصدیق کر رہے ہیں کہ آپ سمجھتے ہیں کہ ہمیں کسی ایمرجنسی میں آپ کی تفصیلات تھرڈ پارٹیوں کو منتقل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے تاکہ ہم آپ کو ترجیحی خدمات فراہم کر سکیں؛ اس میں برٹش ریڈ کراس، مقامی اتھارٹیاں یا ایمرجنسی خدمات شامل ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ کا کوئی نامزد رابطہ کا فرد ہے تو آپ ہمیں ترجیحی خدمات فراہم کرتے وقت اپنے نامزد رابطہ کے فرد سے آپ کی طرف سے بات کرنے کے لیے اپنی صریح منظوری دے رہے ہیں۔ اس کا یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ ہم آپ اور آپ کی سپلائی کے بارے میں ان کے ساتھ معلومات شیئر کریں گے۔

آپ کی رضامندی سے، ہم آپ کی تفصیلات انرجی سپلائر اور گیس ٹرانسپورٹر کو دے سکتے ہیں اور وہ بھی ترجیحی خدمات فراہم کر سکتے ہیں جن سے آپ مستفید ہو سکتے ہیں۔

**میں اپنی تفصیلات شیئر کرنے کے لیے رضامند ہوں**

## آپ کی تفصیلات شیئر کرنا

آپ کی منظوری کے تحت ہم آپ کے رابطے کی تفصیلات صرف ہوم انرجی اسکاٹ لینڈ یا یَس انرجی سولوشنز کو منتقل کریں گے (اگر آپ انگلینڈ میں رہتے ہیں) تاکہ وہ آپ سے رابطہ کر سکیں اور آپ کو اپنے گھر میں زیادہ گرم رکھنے اور اپنی رقم بچانے میں مدد کے لیے مفت صلاح دے سکیں۔

**میں ہوم انرجی اسکاٹ لینڈ (اسکاٹ لینڈ کے لیے) یا YES انرجی سولوشنز (انگلینڈ کے لیے) معلومات شیئر کرنے پر رضامند ہوں۔**

اس شخص کے دستخط جو اضافی مدد کے لیے رجسٹر کر رہا ہے یا جس کے پاس ان کی طرف سے کام کرنے کا اختیار ہے

**تاریخ** **دستخط**

اگر آپ اس شخص کی جانب سے دستخط کر رہے ہیں جو رجسٹر کرا رہا ہے تو برائے مہربانی ایسا کرنے کے لیے اپنے قانونی اختیار کی ایک نقل بھی شامل کریں۔

**برائے مہربانی ذیل کو ارسال کریں:**

Priority Services, Scottish and Southern Electricity Networks, FREEPOST, RTGH-TXXT-ZAEG,
Inveralmond House, 200 Dunkeld Road, Perth, PH1 3AQ